بی ڈی ایس:	بچے ڈاٹر سمیت
بی فارمیسی:	(بی فارمی سی) بیوی میری سی
چمبیلی:	(چم اور بیلی) گہرا دوست
فرانس:	فیرآ ئنس
Hell,o:	او جہنمی
Ugly:	(اگلی توں چگلی آئی) دونوں کا مطلب ہے بدصورت
کچہری:	(کچ ہری) وہاں کے لوگ فوراً پکڑ لیتے ہیں۔
ڈیوٹی:	(Due tea) میری چائے آپ کی طرف بنتی ہے
آئی ایم ایف:	(آئی ایم اِف) اگر میں ان کا ہوا تو قرض ملے گا، ورنہ نہیں
Participate:	پارٹی میں شرکت کر کے پیٹ بھریں
Submitted:	سب پر مٹی ڈالو

زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے لیکن لالہ ظفر کو شوگر نے بہت کمزور کر دیا تھا۔ کئی دفعہ ہسپتال میں داخل ہوئے، گھر میں علاج کراتے رہے۔ مگر اُن کی صحت کو دو چیزیں کھا گئیں۔ ایک سگریٹ، دوسری شوگر کہ اخیر عمر میں اُن کے لیے جناح ٹاؤن سے ملتان یونیورسٹی تک کا سفر بھی محال ہو گیا تھا۔ بینائی میں کمی آ گئی تھی۔

شاخوں پر پھول بھی ہوتے ہیں۔ اور کانٹے بھی۔ انسان خطا کار ہے۔ اس میں خوبیاں بھی ہیں اور کمزوریاں بھی۔ لالہ ظفر میں بے شک خوبیاں زیادہ تھی اور خامیاں کم۔ میں نے اپنے اس مختصر مضمون میں اُن کی متاعِ حسن کو اُجالنے کی کوشش کی ہے کہ:

نیک نامِ رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نامِ نیکت پائیدار

دعا ہے، اللہ تعالیٰ اُن کی کوتاہیوں سے صرفِ نظر کرتے ہوئے اُن کے درجات بلند کرے، اُن کی مغفرت فرمائے اور اُن کی قبر کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنائے کہ:

بسکہ ہے فرصتِ کردار، نفس یا دو نفس
عوضِ یک دو نفس قبر کی شب ہائے دراز

☆☆☆